فوری ریلیز کے لیے: 29/9/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL صاف ستھری آمدورفت کی جانب نیویارک کی منتقلی کو آگے بڑھا رہی ہیں

ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں، پک اپ ٹرکوں اور SUVs کے لیے 2035 تک صفر اخراج والی گاڑیوں کے تقاضوں کو مزید بڑھانے کی ہدایت

صفر اخراج والی گاڑیوں اور صفر اخراج والی گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی جانب منتقلی میں معاونت کے لیے فنڈنگ کے نئے اہم مواقع اب دستیاب ہیں

پوری ریاست میں چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کو توسیع دیتے ہوئے اِوالو NY تیز ترین چارجنگ نیٹ ورک 100 نصب شدہ چارجرز سے تجاوز کر چکا ہے

EV چارجنگ نیٹ ورک قائم کرنے کے لیے نیویارک نے وفاقی فنڈ میں 175$ ملین وصول کیے ہیں

گورنرKathy Hochul نے آج قومی ہفتۂ برقی ڈرائیونگ کی یاد منائی جس میں ریاست کے محکمہ تحفظ ماحولیات کو اہم انضباطی اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی جن کے تحت ریاست نیویارک میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں، پک اپ ٹرکوں، اور SUVs سے 2035 تک صفر اخراج کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔ یہ آمدورفت کے شعبے سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں نمایاں کمی لانے کا ہدف حاصل کرنے کے لیے ایک اہم انضباطی اقدام ہے اور آج اعلان کردہ نئی اور جاری سرمایہ کاریوں سے اس اقدام کی تکمیل کی جائے گی، جس میں برقی گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، صفر اخراج والی گاڑیوں کی مراعات، اور اس بات کو یقینی بنانا شامل ہے کہ نیویارک کی کمیونٹیز وفاق کی جانب سے موسمیاتی تبدیلی کی تاریخی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا رہی ہیں۔

"نیویارک قومی ماحولیاتی قیادت اور معاشی پاور ہاؤس کے مقام پر فائز ہے، اور ہم صفر اخراج والی گاڑیوں کی بڑے پیمانے پر تجدید کے لیے اور نافذ کرنے میں مدد کے لیے اپنی طاقت استعمال کر رہے ہیں، " **گورنر Hochul نے کہا۔** "مستحکم ریاستی اور وفاقی سرمایہ کاری کے ساتھ، ہمارے اقدامات کے نتیجے میں نیویارک کے باشندوں، مقامی حکومتوں اور کاروباری اداروں کو برقی گاڑیوں کی جانب منتقلی کی رغبت دلائی جا رہی ہے۔ ہم صاف ستھری آمدورفت کی جانب نیویارک کی منتقلی کو آگے بڑھا رہے ہیں، اور آج کے اعلان سے آنے والی نسلوں تک ہمارے ماحول اور ہماری کمیونٹیز کی صحت کو فائدہ پہنچے گا۔"

ریاستی ضوابط کا مسودہ تجویز کرنا ایک اہم قدم ہے تاکہ آمدورفت کے شعبے کو مزید برقی بنا دیا جائے اور نیویارک کی مدد کی جائے کہ وہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کو 85 فیصد کم کرتے ہوئے اپنے ماحولیاتی تقاضے پورے کرے، جبکہ خاص طور پر پسماندہ کمیونٹیز میں، فضائی آلودگی کو بھی کم کیا جائے۔ ریاستی محکمہ برائے تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) اس انضباطی عمل کی رفتار میں تیزی لا رہا ہے تاکہ گزشتہ سال گورنر Hochul کی دستخط شدہ قانون سازی پر عملدرآمد کروایا جائے اور نئی صفر اخراج والی کاروں اور ٹرکوں کی جانب مکمل منتقلی کے اہداف کو پیش رفت میں تبدیل کر دیا جائے۔ کیلیفورنیا نے گزشتہ ماہ ایڈوانسڈ کلین کارز II ضابطے کو حتمی شکل دینے کی کارروائی کرتے ہوئے نیویارک کے لیے اسی ضابطے کو اپنانے کی راہیں آسان کر دی ہیں۔

یہ ضابطہ نیویارک میں 2012 میں نافذ کیے گئے موجودہ ضوابط پر مبنی ہو گا جس میں 2035 تک مسافر کاروں، پک اپ ٹرکوں، اور SUVs کی تمام نئی فروخت سے صفر اخراج کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔ اس کے لیے نئی لائٹ ڈیوٹی گاڑیوں کی فروخت کا بڑھتی ہوئی شرح فیصد کو صفر اخراج والی گاڑیوں (ZEV) میں منتقل کرنا درکار ہو گا جس کا آغاز ماڈل سال 2026 میں 35 فیصد سیلز سے کیا جائے گا، 2030 تک سیلز کو 68 فیصد اور 2035 تک سیلز کو 100 فیصد تک لے جایا جائے گا۔ ماڈل سال 2026 سے لے کر ماڈل سال 2034 تک مسافر کاروں، لائٹ ڈیوٹی ٹرکوں اور داخلی احتراقی انجنوں والی میڈیم ڈیوٹی گاڑیوں کے لیے آلودگی پھیلانے کے حوالے سے بھی نئے معیارات کی ضرورت ہو گی۔ اس ضابطے سے صنعت کاروں کو اخراج کے تقاضے پورے کرنے اور زیادہ صاف ستھری گاڑیوں کی جانب کامیاب منتقلی کے حصول میں گنجائش ملے گی۔

ایڈوانسڈ کلین کارز II پر عملدرآمد کرنا ماحولیاتی اقدام کونسل کے دائرۂ کار کے مسوداتی منصوبے کی سفارشات میں شامل ہے اور ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ میں مطلوبہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کو حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مزید برآں، اخراج کو کم کرنے سے نیویارک کی ایسی بہت سی پسماندہ کمیونٹیز کو ہوا کے معیار کے حوالے سے اہم فوائد حاصل ہوں گے، جہاں بنیادی طور پر کم آمدنی والے سیاہ فام، مقامی، اور غیر سفید فام لوگ بستے ہیں، اور یہ کمیونٹیز اکثر بھاری گاڑیوں والی ٹریفک والے راستوں سے ملحقہ ہیں۔ اس ضابطے سے ان کمیونٹیز کو متاثر کرنے والے غیر متناسب خطرات اور صحت اور آلودگی کے بوجھ کا تدارک کرنے میں مدد ملے گی۔

محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور ماحولیاتی اقدام کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "گورنر Hochul ماحولیاتی ایکٹ کے کامیاب نفاذ کے لیے اپنے غیرمتزلزل عزم کا اظہار کر رہی ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہی ہیں کہ نیویارک کے تمام باشندوں کو ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ریاست کے اقدامات سے فائدہ پہنچے۔ اس ضابطے کو تیزی سے جاری کرنے اور فوسل ایندھن سے منتقلی میں ایک اور سنگ میل تک پہنچنے کے لیے DEC ان کی ہدایت پر کام جاری رکھے گی تاکہ مزید لوگوں، کاروباروں، اور حکومتوں کے پاس اپنی ضروریات کو پورا کرنے اور اپنی کمیونٹیز کی صحت کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے ZEV کے طریقے موجود ہوں۔"

DEC اس سال کے آخر میں اسٹیک ہولڈر تک پہنچ، عوامی تبصرے کی مدت، اور عوامی سماعت کے بارے میں اضافی معلومات کا اشتراک کرے گا اور انضباطی تجویز DEC کی ویب سائٹ پر شائع کرے گا https://www.dec.ny.gov/regulations/propregulations.html#public۔

آج کے اعلان کردہ ہدایت شدہ انضباطی اقدام کی بنیاد گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے نیویارک کی جاری کوششوں پر قائم ہے، جن میں دسمبر 2021 میں ایڈوانسڈ صاف ستھرے ٹرکوں کے ضابطے کو اپنانا شامل ہے۔ اس ضابطے سے گاڑیوں کے خریداروں اور بیڑوں کے لیے خریداری کے طریقوں کے طور پر دستیاب میڈیم اور ہیوی ڈیوٹی ZEV ماڈلز کی تعداد میں اضافہ ہو گا۔ مزید برآں، کئی سفری ایجنسیاں بشمول نیاگرا فرنٹیئر ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Niagara Frontier Transportation Authority)، راچیسٹر-جینسیریجنل ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Rochester-Genesee Regional Transportation Authority)، اور میٹروپولیٹن ٹرانزٹ اتھارٹی (Metropolitan Transit Authority)، برقی بسوں کے دوسرے سلسلے کی تعیناتی میں مثالی طور پر قیادت کر رہی ہیں۔ DEC، ریاست نیویارک توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA)، نیویارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority، NYPA)، اور محکمۂ آمدورفت (Department of Transportation، DOT) ان کوششوں میں ان محکموں کی معاونت کر رہے ہیں۔

ایڈوانسڈ کلین ٹرکس اور ایڈوانسڈ کلین کارز II دونوں اصولوں سے طویل مدتی گاڑیوں کی خریداری کے فیصلوں اور ZEV چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے میں ترقی لانے کے لیے ایک مستحکم مارکیٹ کی معاونت کرنے کے لیے ضروری ضابطہ کاری کو یقینی طور پر فراہم کیا جائے گا۔

نیویارک اگلے پانچ سالوں میں وزن کے اعتبار سے تمام درجے کی صفر اخراج والی گاڑیوں میں 1$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ لائٹ ڈیوٹی گاڑیوں کے فعال اقدامات میں NYSERDA کا ڈرائیوکلین رعایتی پروگرام، صفر اخراج والی گاڑی اور چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کی گرانٹس شامل ہیں جو DEC ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز کے میونسپل گرانٹ پروگرام کی جانب سے دی جائے گی، اس کے علاوہ "EV میک ریڈی (EV Make Ready)" اقدام، NYPA کا اِوالو NY چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کا پروگرام، اور DOT کا برقی گاڑی کا قومی بنیادی ڈھانچہ (National Electric Vehicle Infrastructure, NEVI) شامل ہے تاکہ برقی گاڑیوں کے استعمال کو توسیع دینے میں مدد کی جائے۔

DEC میونسپل کی صفر اخراج والی گاڑی کی گرانٹس

میونسپلٹیوں کو اپنے دستوں کے استعمال کے لیے صفر اخراج والی گاڑیاں خریدنے یا لیز پر دینے اور برقی گاڑی کی عوامی چارجنگ اور ہائیڈروجن فیولنگ اسٹیشنز کی تنصیب میں مدد کے لیے ریاست نیویارک 5.75$ ملین دستیاب بنا رہی ہے۔ DEC اب 30 ستمبر 2022 تک درخواستیں قبول کر رہ ہے۔ DEC کے ماحولیاتی سمارٹ کمیونٹیز پروگرام کے زیر انتظام، صفر اخراج والی گاڑی (zero-emission vehicle, ZEV) کی یہ گرانٹس نیویارک کی جانب سے مزید ماحولیاتی تبدیلیوں کی روک تھام میں میونسپل کوششوں کی معاونت کے عزم کا حصہ ہیں۔ 2022 کے راؤنڈ کے لیے دستیاب بنائے گئے کل فنڈز پروگرام کی تاریخ کی سب سے بڑی مختص کردہ مقدار ہے۔ مزید برآں، پہلی مرتبہ، 40 فیصد فنڈز کو پسماندہ کمیونٹیز کے منصوبوں کے لیے ترجیح دی جائے گی، جیسا کہ ماحولیاتی انصاف کے عاملہ گروپ کے مسودے کے معیار میں نشاندہی کی گئی ہے۔ DEC کی ZEV رعایت اور ZEV بنیادی ڈھانچے کی گرانٹس کے لیے درخواستیں، ریاست نیویارک گرانٹس گیٹ وے کے ذریعے دستیاب ہیں۔ ان گرانٹس کے بارے میں اضافی معلومات یہاں دستیاب ہیں https://www.dec.ny.gov/energy/109181.html#ZEV۔

NYSERDA ڈرائیو کلین رعایت

مزید برآں، 10$ ملین ڈرائیو کلین رعایتی پروگرام میں شامل کیے گئے ہیں، جس کا انتظام NYSERDA کی جانب سے کیا جاتا ہے، تاکہ ایک برقی گاڑی خریدنے یا لیز پر لینے میں صارفین کی مدد کی جائے تاکہ 2035 تک سڑکوں پر زیادہ صاف ستھری گاڑیاں چلائی جا سکیں۔ فروخت کے مقام پر دی گئی اس رعایت میں گاڑی کی قیمت میں 2,000$ تک کی رعایت کی جاتی ہے اور اسے 7,500$ کی وفاقی ٹیکس رعایت کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے تاکہ صارفین کو 9,500$ تک کی بچت فراہم کی جا سکے۔ یہ رعایت حصہ لینے والی کار ڈیلرشپ پر دی جاتی ہے جن میں طویل رینج والی تمام برقی گاڑیوں پر، زیادہ رعایت دستیاب ہے۔ 2017 میں شروع ہونے کے بعد سے، ڈرائیو کلین رعایت سے ریاست کی تمام 62 کاؤنٹیوں میں نیویارک کے باشندوں کو 92$ ملین سے زیادہ کی رعایت فراہم کی گئی ہے اور اس سے اخراجات میں مزید کمی لانے میں مدد ملی ہے۔

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO، اور ماحولیاتی اقدام کونسل کی شریک صدر Doreen M. Harris نے کہا، "ڈرائیو کلین رعایت سے نیویارک کے بہت سے باشندوں کے لیے ایک برقی گاڑی کی ملکیت کے تصور کو تعبیر ملی ہے، جس سے ڈیلرشپ پر ان کی حقیقی لاگت میں کمی آئی ہے اور صاف ستھری ڈرائیونگ کے ان کے خواب کو پورا کرنے میں مدد ملی ہے۔ جیسا کہ ہم اپنے برقی گرڈ میں مزید قابل تجدید توانائی لا رہے ہیں اور EV چارجنگ کا بنیادی ڈھانچہ تیار کر رہے ہیں، تو ہم منڈی کی معاونت کے لیے سرمایہ کاری جاری رکھیں گے جس کے نتیجے میں ہم 2035 تک ہر روز صفر اخراج والی مسافر گاڑیوں سے قریب تر ہوتے چلے جائیں گے۔"

NYPA اِوالو NY

گزشتہ ہفتے، نیویارک بجلی کی اتھارٹی (NYPA) نے اپنے اِوالو NY ریاست گیر نیٹ ورک میں اپنے 100 ویں تیز رفتار چارجر کی تنصیب کے سنگ میل کو عبور کرنے کا جشن منایا ہے۔ ریاست نیویارک کی اہم سفری گزرگاہوں کے ساتھ، بفلو سے البانی اور ایڈیرونڈیکس سے لانگ آئی لینڈ تک اہم مقامات پر، چارجنگ اسٹیشنز بنائے گئے ہیں، جن کی بدولت نیویارک کے باشندوں کے لیے برقی گاڑیاں چلانا اور بجلی بھرنا کرنا اور جلد ہی سڑک پر واپس آنا کافی آسان ہو گیا ہے۔ بیٹری سے بجلی حاصل کرنے والی کسی بھی EV کو اِوالو NY کے کسی بھی مقام پر 20 منٹ سے بھی کم وقت میں چارج کیا جا سکتا ہے۔

سافک کاؤنٹی کے ڈاؤن ٹاؤن ریوریڈ اور کامک میں نصب شدہ، جدید ترین براہ راست برقی تیز رفتار چارجرز (direct current fast chargers, DCFCs)، لانگ آئی لینڈ پر نیٹ ورک کے پہلے مرکز کی نشانی ہیں۔ اِوالو NY کا مزید ایک مقام، اکتوبر میں برج ہیمپٹن میں نصب ہونے والا ہے۔ اِوالو NY تیز ترین چارجنگ نیٹ ورک کو اس خلا کو پورا کرنے کے لیے بنایا گیا تھا جہاں تیز ترین چارجنگ دستیاب نہیں ہے اور اس کی مدد سے برقی گاڑیوں کی چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کو مزید وسعت دینے کے لیے عوامی/نجی شراکت داری کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ اِوالو NY نے ان کوششوں کو وسعت دینے اور ریاست کے آمدورفت کے شعبے کو کاربن سے پاک کرنے میں مدد کرنے کے لیے 2025 تک 250$ ملین تک کا عزم کر رکھا ہے تاکہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ باشندے "مزید تیزی سے چارج کر سکیں۔ مزید آگے جائیں۔ صاف ترین گاڑی چلائیں۔" اِوالو NY کے بارے میں مزید معلومات اور ریاست بھر میں موجودہ اِوالو NY تیز ترین چارجرز کی نشاندہی کرنے والے محلِ وقوع کے نقشے کے لیے یہاں ملاحظہ کریں۔

نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے عبوری صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا "ملک میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں سب سے بڑے حصے کا ذمہ دار آمدورفت کا شعبہ ہے، ہم 2035 تک تمام نئی کاروں اور ٹرکوں کے اخراج کو صفر کرنے کے لیے گورنر Hochul کے ہدایت نامے جیسے جرات مندانہ اقدامات پر عمل درآمد میں تاخیر کا خطرہ مول نہیں لے سکتے ہیں۔ NYPA کا اِوالو NY تیز ترین چارجنگ نیٹ ورک، عوامی اور نجی شراکت داروں کے ساتھ، خوب لگن سے کام کر رہا ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے پاس صفر اخراج والی گاڑیوں کی معاونت کرنے کے لیے چارجنگ کا ایک وسیع بنیادی ڈھانچہ موجود ہو اور نیویارک کے مزید باشندوں کے لیے EVs چلانا ہی ایک آسان انتخاب ہو۔"

پبلک سروس کمیشن

پبلک سروس کمیشن نے بڑے سرمایہ کاروں کی ملکیتی برقی یوٹیلیٹیز کے ذریعے چلائے جانے والے انتہائی کامیاب EV تیار کریں پروگرام کا ایک انتہائی مطلوبہ وسط نکاتی جائزہ لینا شروع کیا ہے۔ جن موضوعات کا جائزہ لیا جا رہا ہے، ان میں سے جائزے کے اندر پروگرام کے بجٹ اور مراعات کی سطحوں کا جائزہ لیا جائے گا، اور یہ کہ آیا پروگرام کے لیے اضافی مراحل کی ضرورت ہے۔ اس میں اس بات پر بھی غور کیا جائے گا کہ آیا عوامی ادائیگی والے پارک والے علاقوں کو شامل کرنے کے لیے رسائی کے معیار پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے، اس کے ساتھ اس بات پر بھی غور کیا جائے گا کہ آیا چارجنگ اسٹیشن کے ہارڈویئر کے لیے یوٹیلیٹی ملکیت کی اجازت دی جائے۔

پبلک سروس کمیشن کے صدر Rory M. Christian نے کہا، "اچھی طرح ڈیزائن کردہ EV چارجنگ کے پروگرامز یوٹیلٹی اور آمدورفت کے شعبوں کے لیے اہم ہیں۔ چارجنگ میں کسی پریشانی سے بچانے والے وسائل سمیت، EV ڈرائیوروں کو چارجنگ کے فائدہ مند رویے کے لیے مراعات فراہم کرتے ہوئے، منظم شدہ چارجنگ پروگرامز کی مدد سے کم ایندھن کے خرچے اور برقی گرڈ کی شکل میں بنیادی ڈھانچے کے کم اخراجات کی صورت میں EV ڈرائیور فائدے میں رہیں گے۔"

محکمہ ٹرانسپورٹیش

نئے بنائے گئے برقی گاڑی کے قومی پروگرام کے ذریعے، جو 2021 کے تاریخی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ اینڈ جابز ایکٹ ("Infrastructure Investment and Jobs Act, "IIJA) کا ایک حصہ تھا، ریاست نیویارک کو برقی گاڑیوں کی قابل اعتماد چارجنگ کرنے کے لیے ایک دوسرے سے منسلک نیٹ ورک قائم کرنے کے لیے پانچ سالوں میں 175$ ملین حاصل ہوں گے۔ اگست کے اوائل میں، DOT کی جانب سے جاری کردہ اور اس ہفتے امریکی محکمۂ آمد و رفت کی جانب سے منظور شدہ نیویارک کے منصوبے میں، ریاست کے اہداف، توجہ اور NEVI فنڈنگ کو استعمال کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات شامل ہیں؛ اور یہ کہ یہ ریاست کے ملک کے معروف صاف ستھری توانائی کے ایجنڈے کی کس طرح معاونت کرے گا اور ریاست کے پہلے سے موجود برقی گاڑی کے معاونتی پروگراموں کی کیسے تکمیل کرے گا۔

ریاست نیویارک محکمہ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا "ریاست نیویارک کا محکمۂ آمدورفت گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو نمایاں طور پر کم کرنے کے ہدف کے ساتھ نیویارک کے قومی رہنما

ماحولیاتی ایجنڈے کو نافذ کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ اس جامع کوشش کا ایک اہم حصہ ہمارے برقی گاڑی کے قومی بنیادی ڈھانچے (National Electric Vehicle Infrastructure, NEVI) کے فارمولا پروگرام منصوبے کو آگے لے جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں ریاست میں اہم گزرگاہوں کے ساتھ قابل بھروسہ چارجنگ اسٹیشنوں کی تعمیر اور گاڑیوں کی مزید برق کاری میں سہولت فراہم کرنے کے لیے 175$ ملین کی سرمایہ کاری کے لیے ایک روڈ میپ فراہم کیا جائے گا۔"

ریاست نیویارک کا قوم کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ
نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

ریاستی سینیٹر Peter Harckham نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت نیویارک کو ایک زیادہ صاف، زیادہ سرسبز مستقبل مہیا کرنے کے لیے ماحولیاتی بحران کا مقابلہ کر رہی ہے۔ آج انہوں نے جن اقدامات کا اعلان کیا ہے میں ان کے لیے، اور ساتھ ہی صفر اخراج والے گاڑیوں کے میرے بل پر دستخط کرنے پر شکرگزار ہوں۔ ان کے اقدامات کی بدولت، ہمارے بچے صاف ہوا میں سانس لیں گے، اور قابل تجدید توانائی کے شعبے میں نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔"

ویسٹ چیسٹر کے ایگزیکٹیوGeorge Latimer نے کہا، "اس شعبے میں گورنر Hochul کی قیادت ایک مثال ہے۔ یہ شعوری اقدامات ہیں اور اس کی وجہ سے مزید افراد کے لیے اپنی روزمرہ کی آمد ورفت میں فوسل ایندھن کے استعمال کو کم کرنا ممکن ہو گا۔"

وائٹ پلینز کے میئر Tom Roach نے کہا، "ہمیں ایک ماحولیاتی بحران درپیش ہے اور ہر ایک دن اہم ہے۔ آج کے اعلان کردہ اقدامات اس بات کا مزید ایک ثبوت ہیں کہ جس دوران بہت سے رہنما ماحولیاتی تبدیلی کے بارے میں بات کر رہے ہوتے ہیں، تو گورنر Hochul عملی کام کرتی ہیں۔ ہمیں وائٹ پلینز میں برقی گاڑیوں اور برقی گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشنوں کے ساتھ نیویارک کی کوششوں کو آگے بڑھانے اور ان کی معاونت کرنے پر فخر ہے، اور ہم قوم کی رہنمائی جاری رکھنے اور صاف توانائی کے مستقبل کو طاقتور بنانے کے منتظر رہیں گے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418